استعاراتی زبان کی خوب صورتی اس شعر میں زیادہ نکھر کر سامنے آئی ہے:

بجھایا ان کو محبت کی سرد پھونکوں سے
جو اہل شر نے جلائے تھے نفرتوں کے چراغ

اس مجموعہ کی اشاعت پر مصنف مبارک باد کے مستحق ہیں۔ امید ہے اسے قبول عام حاصل ہوگا۔ (محمد نظام الدین)

اسلام- دینِ اعتدال حبیب الرحمٰن اعظمی/محمد رفیع کلوری

ناشر: ادارۂ تحقیقات اسلامی، جامعہ دارالسلام عمرآباد، ۲۰۰۹ء، ص ۳۲۸، قیمت -/۱۴۰ روپے

جامعہ دارالسلام عمرآباد کا ترجمان ماہ نامہ 'راہِ اعتدال' دینی رسائل ومجلّات میں اس اعتبار سے امتیازی حیثیت رکھتا ہے کہ وہ ہر سال عصری اہمیت کے حامل کسی موضوع پر خاص شمارہ شائع کرتا ہے، جس میں اس موضوع کے مختلف پہلوؤں پر ملک کے مشہور اصحاب قلم کے مضامین شامل ہوتے ہیں۔ غیر مسلموں سے تعلقات، امن عالم، اجتماعی نظام زکوٰۃ وغیرہ جیسے موضوعات پر اس کے خصوصی شمارے علمی حلقوں میں مقبولیت اور پذیرائی حاصل کر چکے ہیں۔ ۲۰۰۵ء میں شائع ہونے والا خصوصی شمارہ 'اعتدال' کے موضوع پر تھا، اسی کو اب زیرِ نظر کتاب کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔

دین میں اعتدال کی غیر معمولی اہمیت ہے۔ زندگی کے ہر معاملے میں افراط وتفریط سے بچنے اور راہِ اعتدال کو ملحوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ امتِ مسلمہ کی امتیازی شان ہی یہ قرار دی گئی ہے کہ وہ 'امتِ وسط' ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ بھی ایک افسوس ناک حقیقت ہے کہ امت مختلف معاملات میں افراط وتفریط کا شکار اور راہِ اعتدال سے ہٹی ہوئی ہے۔ ماہ نامہ راہ اعتدال کے مدیران قابل مبارک باد ہیں کہ انھوں نے اس اہم موضوع پر اپنے مجلّہ کا خصوصی شمارہ شائع کیا، پھر افادۂ عام کے لیے اسے کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔

ضرورت ہے کہ اس کتاب کو زیادہ سے زیادہ عام کیا جائے، تاکہ امت کی بے اعتدالیوں کا ازالہ ہو اور وہ شاہ راہ اعتدال پر گام زن ہو سکے۔ (م-ر)